1198

Acc. No: 1198

DEWANI-SAIF

هذا تقریظ از جناب علامی وفهامی حاوی فروع واصول
جامع معقول ومنقول مجتهد العصر والزمان المخاطب
به سلطان العلما اعنی عمویم جناب آقا سید علی شوستری
صاحب صانه الله عن النوائب میباشد

بسم الله الرحمن الرحیم

جودت ضیف ازان برتراست که جواد اشقر قلم بکمال جود ومشی
بقدم در میدان صفحهٔ وصفش بپارسی بترک تازی آید یا چون
جیاد عرب درحالت طرب یمیناً وشمالاً بازی نماید این جودت
جیدِ اجیاد را از دُرِ غزلیاتش عقدیست شایان واز درارِی قصاید
وشایدونضایدش رقاب ملوک الرقاب سخنوری را رشتهٔ چیده
گوهریست نمایان ودرهر سطرش شطری از علو قدر وسمو طبع

اسب ابن جنیب
شعر دون شعیر
ان قسم شعر را گویند که درخیال محبوب و به تذکار دیارش خوانده تسلی یابند ۱۲

پیدا و در هر شعرش مشعری از کعبهٔ صفا و مروت چون کعبهٔ صفا و
مروه هویدا. نظمش بدیع و بدیع نظمش رفیع غزلیاتش بخوانندگان
در مغازله با غزالان حجازی هم آهنگ و قصایدش با مقاصد
حجیج طوف در بیت رفیع سیادت باوازهٔ تلبیه قبول همسنگ چگونه
چنین نباشد که از بیت سیادت است و بیت القصیدهٔ
عروض بلاغت و فصاحت. معین است که فصاحت اول
از قریش است و در قریش از بنی هاشم و از بنی هاشم
در بنی عبد المطلب و از بنی عبد المطلب در افصح عرب و عجم و
سید امم مقصود نون و صاد و افصح من نطق بالضاد فخر انبیا
محمد مصطفی و آل اطهارش که هر ایک در آسمان فصاحت و بلاغت
بدر لیست لامع الضیا و در آستان طلاقت و حصافت
صدر لیست ساطع البها و از جمله آل منتخب
(درخشنده ۱۲ — روشنی ۱۲)
از خاندان مصطفویه ذریهٔ دریه موسویه اند و
(آل و احفاد — تابنده ۱۲)
در موسویه بالاجماع سادات نوریه انار الله برهانهم فی البریه
(خلایق ۱۲)
در فصاحت وثاری بلاغت شعاری این سلسله
علیه علویه هر ایک بالارث و لکسب حصه از ان فصاحت
کلیه دارند و از شوشتر تا تمام اقطار عالم اقطاب

جمع قطر یعنی صفحه — جمع قطب بمعنی اوتاد یعنی میخ

زمین را در هر جای باحاطه فصاحت چون خط پرکار اند و عرق آباء در
ابناء بالارث منکشف است و تشابه اولاد با باء ختم و من یشابه
ابه فما ظلم - و تمام این خاندان نوریه هر ایک میر بنی آدم است
که از انجمله ایک شخص میر عالم است که عالم با مارت و تقدس
قایل است که عالم حایز الریاستین و فایز السیاستین بلا مماثل
در محراب و محرب امثل زد عجم و عرب و در وزارت موازر (مشابه ۱۲)
ابن برخیا و در سیادت اشرف ذا النسب و در مجاهده با نفس
و وزاره صاحب مقامات علیه و مصنف رساله نماز شب
(نفس اماره ۱۲)
آب حیدرآباد که از دست بلکه آبرویش هم - و آثار خیرش
چون آثار رصفنا دید عجم - یعیب الشمس مدح الواصفینا و را اینجا معرف (مشابنده ۱۲)
(بزرگان ۱۲)
از معرف اجلی نتواند شد چرا که خود اعرف معارف
و در هر جا عالم است و ذکر مبارکش نار علی علم و این
جناب ضعیف مسمی بسید زین العابدین ابن سید مرتضی
ابن میر عاشق حسین خان المخاطب بمیر زمان ابن سید زین العابدین
المخاطب بمیر میران است که برادر خلیص مرحوم میر عالم
است پس در نوریت این سادات نوریه چه جای تاب
دادن بآب و تاب است این خانه تمام آفتاب است

بهتر آنکه از ثنایش بد عالیش بپیوندم و پای کمیت قلم را
از سپهر این بیدای کناره ناپیدا بر بندم خداوند تعالیٰ
طبعش را بمقبولیت طباع دهاد و بمقاصد قلبیه اش
فایز گرداناد فقط

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ الذی خلق فی الانسان ما فی العالم ۔ وعلّم الانسان مالم یعلم ۔
صلی اللہ علی اشرف الامم سید العرب والعجم وسید اولاد آدم
محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم ۔ امّا بعد چنین گوید بندہ عاری از
زین ومین میر کاظم حسین ابن السید زین العابدین ابن سید مرتضیٰ
ابن میر عاشق حسین خان المخاطب بمیرزمان مرحوم برادرزادۂ حقیقی میر عالم مرحوم
سابق وزیر دکن صانہ اللہ عن الشرّ والفتن ۔ چون حال سراپا افضال
والد ماجد خود را خواستم در طی بیان جمع اقوال و کلمات ایشان الهما
نمایم و ورقے اند برائے مشاہدۂ شعرا برکشایم
لہذا بچند کلمہ اقتصار نمودم و وادی اختصار پیمودم جناب
سید زین العابدین الموسوی والد این کمترین اند و ولد سید مرتضیٰ
ابن میر عاشق حسین خان نبیرۂ جناب العالم العامل الفاضل الفاصل

بین الحق والباطل والبحر الذی لیس لہ ساحل والنحر الذی لیس لہ
مساجل سید رضی الدین والد مرحوم میر ابو القاسم المخاطب میر عالم
اعلی اللہ مقامہم وضرب فی فرادیس الجنان خیامہم از سادات علیہ
نوریہ موسویہ شوشتریہ جزایریہ اند ونسب ایشان تا بحضرت علامہ
جزایری المشہور فی الانفس والآفاق والمذکور فی کل علم بالتقدیم
بالاستحقاق الفہامۃ الاواہ السید نعمت اللہ جزایری اسکنہ اللہ
بحبوحۃ الجنان واخذ مہ الرضوان کہ سید رضی الدین پسر سید نور الدین
وآنجناب مصنف فاروق اللغہ فرزند ہمین سید بزرگوار اند۔
وسادات نوریہ از نسل والاتبار ایشان مسمی بہ نوریہ شدند کہ
مسمی سید نور الدین است و اما حال نفس والد خودم این است
کہ بعد از اب وجد بسن خواندن ابجد بلا مربی ماندند واز سن ہفت
سالگی بغیر از آبای سبعہ وامہات اربعہ والی ومتکفل نداشتند
بصرف اعراق طبیہ واقتضای اخلاق حسنہ ارثیہ بلا ہدایت
احدی مشغول تحصیل علم بخدمت علما شدند واز ہر گوشہ توشہ واز
ہر خرمنی دانہ برداشتند فارسی وعربی وعلم عروض وقوافی را
تحصیل نمودہ در متخیلہ خود ودیعہ گذاشتند لہذا گاہ گاہے
در فارسی وارد و باقتضای طبیعت شعری از ایشان سرزدی ودر غزل

بدلربائی نظم نشان دامن بر کمر زدی تا آنکه کلام متفرقه ایشان
زاید از هزار ها بیت شد و جمع نمودن آنها همیشه بتمنی عسی و لعل و لیت
ماند تا این زمانه مساعدت تو امان که نعمت عظمی بر این بندهٔ خاطی
مبذول گشت چون این اشعار زائیدهٔ طبع والای حضرت والد ماجد
و بجاے برادران خوانده می ماند و حق جمع نمودن و ضایع نه داشتن
بر بنده می نگارند لهذا آنچه از کلمات متفرقه و غزلیات منشوقه و قصاید
رشیقه و نشاید انیقه که از ایشان دست رس بوده همه را جمع
بغرض ملاحظه پایه بوسان سریر سلطنت قدر قدرت دارا حشمت
سکندر صولت کیهان خدیو حق پژوه گیتی پناه السلطان ابن السلطان
ابن السلطان الخاقان ابن الخاقان ابن الخاقان میر محبوب علیشاه
قهرمان دکن خلد الله ملکه و سلطانه و افاض علی الانام بره و احسانه
لطبع در آمد علاوه بران معلوم اولی الابصار از هر دیار باشد که ایشان بغیر تربیت
والدین خود اگر باقتضای اصل فطرت زحمتی کشد بجای خواهد رسید
و اگر بلا مشوق و مربی در ابتدا برای تحصیل تعبی نماید در آخر براحتی برسد
ع براحتی نرسید آنکه زحمتی نکشید - و چون قدر هر متکلم از کلامش پیداست
بر ارباب بصیرت معلوم خواهد شد که جناب ایشان تا چه پایه رنج
برده اند و چه مایه گنج بچنگ آورده اند پس ایشان که با این درجات

رسیده اند قابل هر کار سترگ و هر امر بزرگ خواهند بود که گذشته
از تعلقداری و صوبه داری مهمات سترگ عالیه سرانجام دهند لهذا
برای ترغیب ارباب معالی همت و والی نهمت این دیوان
جودت ضیق لضیافت طباع جید الافهام پیشکش واقدام شد۔
وعلی اللہ التوکل ومنہ الاعتصام والسلام علی من اتبع الھدیٰ فی الکلام۔

قصیده در مدح و ستایش بلازمان عالیشان سلیمان شوکت سکندر حشمت والاهمم ظل الله فی العالم جهان و جهانبانیان پناه حضرت نظام الملک آصفجاه قهرمان ملک دکن خلد الله ملکه و سلطنته

ستانه گر قصیده نویسیم در آفتاب / آید سحر نهاده بکف ساغر آفتاب

من بر زمین نشستم و فکرم در آفتاب / از خاک چون رخ گل فرزیون بر آفتاب

تاریک شد نگاه چو دیدم بر آفتاب / دارد شب سیاه مگر مضمر آفتاب

ملکِ حبش نظاره نمودم ز ملکِ هند / تا دیر چون نگاه نمودم بر آفتاب

از خواب شکرین نشود چشم نجم باز / دارد میان روز اثرِ شکّر آفتاب

من هم بذکر آره نهم دل چو برگ نسیم / هنگام شب نهد چو بزانو سر آفتاب

در حشر خلق وارهد از تلخی اجل / گر سر نهد به نیزهٔ نیشکر آفتاب

گردد دو شاخِ گاو زمین مثلِ ماهِ نو / در برج ثور چون بگذارد سر آفتاب

گردد بسانِ چرخ ثوابت زمینِ شعر / تقطیع بحر شعر پذیرد گر آفتاب

جای رسید بخلِ فلک فاش گویمش / انصاف و عدل را نگذارد گر آفتاب

پولِ سپید بدر بدامان ماهِ نو / دارد برای روز سیه مضمر آفتاب

هر گرسنه بنانِ تنوری گمان برد
از برجِ سنبله چو برآرد سر آفتاب

من سر بر آستانهٔ شاهِ دکن نهم
در دامنِ جبال گذارد سر آفتاب

محبوب را بلفظ علی شه موزه صنم
خوانم عزیمتی چو ز اسمش بر آفتاب

رسید بشوق رشتهٔ حُبِّ شه دکن
مانند شمع در دل خود مضمر آفتاب

مطلع ثانی

ظلِّ الٰهی که راه رود گرد در آفتاب
چون سایه زیر پای در آرد سر آفتاب

در مدح شه قصیده چو گویم در آفتاب
از کنج مطلعش بدر آرد سر آفتاب

طالع شو و بیا درخش مضطر آفتاب
نورِ سحر نهاده به پشت سر آفتاب

بی اذن شه شب چو در آرد سر آفتاب
شب وقت صبح بر فگند از بر آفتاب

هنگام شب چو نعره زند شه بر آفتاب
قبل از طلوع صبح بگوید در آفتاب

خنجر ز بدر سازد و از ماه نو سپر
یابد دو هفته مهلتی از شه گر آفتاب

از بیم رمح شاه براندازد از فلک
مهتاب بیضه از پر و از پیکر آفتاب

چون نامِ شه بکاغذِ مهور نقش بست
خندد ز طعنه چرخ چهارم بر آفتاب

بر جسمِ خصمِ شه ز خطوطِ شعاعِ خویش
مانندِ خار پشت فشاند بر آفتاب

یک گوی لطمه خوردهٔ چوگانِ شاه هست
آنرا که خوانده فلکِ اخضر آفتاب

خواهد چو شه تناهی ایجاد چرخ را
مه آورد دلایل ترسی بر آفتاب

قطعه

گر طبع پادشاه گراید به نیم شب
روشن شود جهان بیکی دیگر آفتاب

چرخ انضمام نجم نمود بیکدگر
طالع کند ز وصلهٔ صد اختر آفتاب

در یاد عارضش نبرد چون نگه ز ضعف
خط نگسسته رسد اندر آفتاب

سیتا پهل دکن که سمای ثوابت است
چشمک زند هزار ز چشمش بر آفتاب

گلخو اسپ یافته ز انعام شه بسر و
در باغ دهر دیده نه مثلش بر آفتاب

در عهد شاه ماه شود مشتهر به شب
زیر زمین میل نماید گر آفتاب

هر ماه تیغ ماه نو از بهر نذر شاه
سازد ز قرص بدر چو آهنگر آفتاب

در مدح شاه از قفس طبع تا رهید
گرد آشیانه طائر مضمون در آفتاب

مهتاب راه درگهش از چشم طے کند
راه حریم شاه رود از سر آفتاب

از بهر نذر شاه زیک قرص ماهتاب
گاهے سپر بسازد و گهه خنجر آفتاب

پیوسته فکر من همه مصروف مدح شاه
دایم چو دیده گل فریون بر آفتاب

سوسن زبان و هر سطر از کلام من
گر مدح حاضرانه نویسم در آفتاب

مطلع حاضرانه

ای از ضیای روی تو چون شیر آفتاب
در جستجوی شب بود از مهر آفتاب

ای در برابر تو در آید گر آفتاب
بر تو نگاه و چشم بفند بر آفتاب

چون بامداد چشم تو افتد بر آفتاب
تا شام در دمند دو نرگس بر آفتاب

آید نظر ز فیض تو بیند گر آفتاب ‌‌ ‌‌ چون آفتاب ذرّه گویت در آفتاب

گردد بدور چهرهٔ تو اکثر آفتاب ‌‌ ‌‌ گردد بگرد چون گل فزیون بر آفتاب

طالع شود بشبه رخ تو گر آفتاب ‌‌ ‌‌ از چشم پیشتر نظر افتد بر آفتاب

عهد شباب نور رخت را کند و چند ‌‌ ‌‌ هنگام ظهر نور فزاید در آفتاب

ای در برابر رخ تو صد هزار نقص ‌‌ ‌‌ ثابت کنم ز روی دلایل بر آفتاب

پیش از تو خلق کرد بصد قرن هر فلک ‌‌ ‌‌ بهر نظیر دیمهٔ تو داور آفتاب

آرد بیاد حسن صبیح تو گر بشام ‌‌ ‌‌ از باختر دود طرف خاور آفتاب

مرئی شده رخ تو در آئینه خیال ‌‌ ‌‌ نگریستم ز صنعت اسکندر آفتاب

گر بر کشی نقاب ز هم منفعل شوند ‌‌ ‌‌ از آفتاب کافر و از کافر آفتاب

دفتر بفرط شوق زنگ نور روی تو ‌‌ ‌‌ دارد عجیب روز دو بار دخر آفتاب

قطعه

گر بوی مشک خلق تو بر آسمان رود ‌‌ ‌‌ خون ریزد از دماغ شفق اکثر آفتاب

دنیا به چشم مه نظر آید سیه ضعف ‌‌ ‌‌ رنج کسوف دست بیاید بر آفتاب

از هر دو نوک خامه دو مصرع چکد بهم ‌‌ ‌‌ در مدح چهرهٔ تو یکی یک در آفتاب

در عهد تو بزیر شکم چون به پرورد ‌‌ ‌‌ آرد برون ز بیضهٔ مه کفتر (کبوتر) آفتاب

آتش زند چو قهر تو اندر زگال شب ‌‌ ‌‌ بیند بصبح پشتهٔ خاکستر آفتاب

بر سنگ لعل ستم سمندت چو پر خورد ‌‌ ‌‌ آتش شود زگال شب و اخگر آفتاب

بر جسم دشمن تو ز تار شعاع خویش | نشتر به شب زند ز ته بستر آفتاب
بر روی دودمان فلک تیرگی زند | گر دود مطبخ تو بپیچد در آفتاب
تار شعاع خویش چو تار خبر کشد | از بهر درک ذکر تو تا منبر آفتاب
از بهر بد سگال تو شهباز ماه نو | دایم چو شاخ گاو کشد خنجر آفتاب
فکری چو کردم از پی تشبیه روی تو | کرد ابروی هلال اشارت بر آفتاب
نظاره رخت شب فرقت دهد بیاد | تیره شود نگاه چو افتد بر آفتاب

قطعه

نسبت ز چهره تو دهد از چه روی صبح | طالع شود اگرچه به کر و فر آفتاب
چون مطبخ تو تیره نماید جهان بچشم | تا دیر چون نگاه بیفتد بر آفتاب
ای روی روشن تو به خورشید میکند | آنچه کند معامله با شپر آفتاب
بی نور ماه نو بشود چون دو شاخ گاو | گر دود شمع حسن تو پیچد در آفتاب
وصف رخت بکاغذ بادی رقم زده | تا چرخ من رسانم و زان برتر آفتاب
بیند جهان اگر بخرامی به سطح بام | از چشم راست روی تو و ز ایسر آفتاب
دارد نقاب روی تو هر آنچه در حجاب | هر صبح بر ملا نظر آید در آفتاب

غزل

در مدح شه غزل چو سرایم در آفتاب | دف را آفتاب دهد اکثر آفتاب
دارد شباهت رخ شه مضمر آفتاب | بیوجه چشم من نه فتاده بر آفتاب

در پیش روی شاه در آید گر آفتاب — بینم بروی شاه و نه بینم بر آفتاب

دریاد روی شاه چو بینم بر آفتاب — خط نگه گسسته بماند در آفتاب

گر صبح عکس روی تو افتد بر آفتاب — تا شام آفتاب نماید در آفتاب

دریاد روی شاه پرستیدمش چنان — خواند آخرم چو برهمنان کافر آفتاب

بر کوه شب کنم به تمنای روی شاه — تازه و تر نگاه ببیند بر آفتاب

چون روی شاه سیر ندیدم ازان بود — دهیم به ماهتاب و گمانم بر آفتاب

هر شب بیاد روی تو چشمم رود بخواب — هر صبح می فتد نگه من بر آفتاب

شب ز اشتیاق روی تو از شام تا صباح — آید کشان کشان طرف خاور آفتاب

دارند جمله نجم ز حسنت مشابهتے — اما مشابه هست زیاده تر آفتاب

خلّاقِ آسمان نمود انحصارِ نور — در روی مهرمان دکن یا در آفتاب

اشکے بشوقِ روی تو افتد اگر به چشم — عنبر ز خاک روید و از عنبر آفتاب

باشد چو در اطاعتِ من هر دو چشم من — بینم زنگ رخ تو زنگ دگر آفتاب

حاجب چو ره نداد به بزم شه دکن — دریاد روی شاه نشستم در آفتاب

در بزم شاه رفتم و دیدم بروی شاه — کورانه طی راه نکردم در آفتاب

حسن و ضیاء نور سپوزید آسمان — نیمی میان روی تو نیمی در آفتاب

یکماه شد که زیر نقاب است روی شاه — عمریست چشم من نه فتاده بر آفتاب

بودی برای نسبت روی تو دقتی — ظاهر نمی نمود اگر داور آفتاب

چشمم از آن بگشت و نگردید از آن نگاه
برهم زده جمال تو قانون حسن را
تنها نه مه بیاورخت کاستن گرفت
رویت بخواب دیدم و حظی نیافتم
قطعه
تعبیر می کنند معبر ز روی شاه
یکبار بار یافتم به بزم شاه
جذب خیال چهرهٔ پرنور شه مرا
قطعه
خورشید مهر شاه چو تابد بفرق من
مال عرب به پیش عرب زانکه خوش بود
این آفتاب ما که نوشتم بمدح شاه
تا زاغ لیل بیضهٔ مهتاب را نهد

افتاد دیده ام چو بیادت آفتاب
نگذاشت نور روی تو حصری بر آفتاب
شبها بیاد تو شمرد اختر آفتاب
چون دیده سبل که بنهفتند بر آفتاب
پردهٔ چشم
در حال خواب روی نماید گر آفتاب
صد بار چشم ضعیف فتاده بر آفتاب
تا کی در آفتاب بمدور و بر آفتاب
شم
طعنه زند سیاهی بختم بر آفتاب
روز سیاه را الفر ستم ور آفتاب
چشمک زند دهان دو انجم بر آفتاب
تا صبح آورد فلک از خاور آفتاب

مه از حیات تو شمرد مدت شهور
دارد حساب سال تر انجم آفتاب

قصیدہ در مدح خاقان ابن خاقان سلطان ابن سلطان میر محبوب علی شاہ پادشاہ دکن خلد اللہ ملکہ و دولتہ

چرخ چارم پہ اگر مہر کرے قصد حمل
کم ہو ماشورہ شب رشتۂ ایام اطول

ایک میزان کے دو پلّے ہین یہ دونو شب و دن
ایک من شب جو گھٹی دن ہوا دو من اکمل

ابر و باران نے سرسبز کیا ہے جنگل
کہین خیمہ کیا برپا تو کہین ڈال بادل

عکس سے سبزی کے کچھ ایسی ہری ہے کونپل
دہوکا صیّاد کو ہوتا ہے کہ ہے یہہ ہریل

باغ مین آگیا ہنگام سحر جو چیتل
شاخ مین شاخ نئی مثل گوزن آئی نکل

سب بہایم یہہ دعا کرتے ہین زیر اشجار
یا الٰہی تو ہر اک شاخ مین دے ہمکو بھی پھل

ہے طرب خیز ہوا چار طرف سے ایسی
آنکھین نرگس کو دکھاتا ہے ہر اک سیتا پھل

سبقت آموز ہر اک چیز ہے کچھہ از روزن
روز دوشنبہ سے پہلے نکل آیا منگل

کسکو دکھلائین یہہ طغیانی رود موسیٰ
آج عیسیٰ کو اوتارینگے چڑھا کر تکّل

نیلے گھوڑے نظر آتے ہین ہرے سبز تمام
ہے ہری گھانس کہ اصطبل مین فرش مخمل

طول اور عرض مین مجھسا نہین دنیا مین درخت
آج جنگل مین یہہ بڑھ مار رہا ہے پیپل

ظلم صرصر سے جو کھائے ہوتھے خون جگر
آج کھل کھل کے اناروں نے دیا سب اوگل

چشم مردم جو گرے سیر کنان کثرت سے
رام پھل ہوگئے اشجار پہ سب سیتا پھل

فیض سے بادِ بہاری کے درخت اے نجیر
ابھی پھولا بھی نہین تھا کہ نکل آئے پھل

اوڑتے اوڑتے یہہ خبر پونچی کبوتر سے مجھے
کہ غبارون مین ملک بیٹھ کے یہان اترینگے کل

دشمن و دوست سب آپس مین گلے ملتے ہین
رشتۂ بغض و حسد کا جو کھلا سب بل

رخصتین لیکے چلے بغض و حسد سینے سے
فرحت و شادی نے دل مین جو کیا اپنا عمل

بلبلون نے کئے گلزار مین نغمے اتنے
کہ گلے بیٹھ گئے اور گئی آواز بدل

گھوڑے مہر و جو پڑے پہرتے ہین راتونکو مدام
دور سے سب نظر آتے ہین قمر داغ کفل

سرمۂ طور مرے انکھون مین رہتا ہے مدام
رود موسی کسی ہر پانی کے طرح گنگا جل

گوشِ گل کہتا ہے بے بہرہ سماعت سے ہون
ورنہ بلبل کے ترنم مین وہ سنتا یہہ غزل

غزل

مرے اشعار کچھ اچھے بھی ہین کچھ ہین مہمل
شال اک دوش پہ ہے دوسری سر پر ہے کمل

مشتری کوئی تو سیارون سے آجاتا نکل
چرخ اطلس کے عوض ہوتا جو چرخ مخمل

آج کے بدلے مین راہیِ عدم ہوتا کل
توسنِ عمر روان کاش کہ ہوتا اڑیل

عرس مولیٰ کا ہے اور آج ہے رسمِ صندل
وردِ سر مین نہ بازار مین ہے اطریفل

عکسِ اشجار سے اور سبزی سے جنگل جنگل
یہان مشجر ہے وہان سبز بچھا ہی مخمل

قول سرمہ ہے کہ اس سے تو ہی بہتر مکحل
کیا دکانون مین رہے جسکا ہو آنکھو نمین محل

خضر ہو کر گئے موسیٰ جو یہان آئے تھے کل
دیکھتے دیکھتے ریحان سے گیا روپ بدل

مسئلہ پوچھتا پھرتا ہون قیامت کا مین
کیا خدا دو نظر آئیگا بچشم احول

خامہ جب تک کہ تھا سر کش نہ کسی نے پوچھا
دستگیری نکی جب تک نہ گرا سر کے بہل

نیلے گھوڑے پہ نظر آتے ہین راتو نکو سوار
سبزہ رنگان تلنگانہ کہ ہے جنگ و جدل

دل جلے لوگ بھی فکر و ہوس زر مین ہین
سینۂ سوختہ زرگر کا ہے شاید مشغل

گوش گل مین وہ بیان کرتا ہے جا کر بلبل
دہن غنچہ سے جو بات کہ آتی ہے نکل

قتل کر کے ہمین دم بھر مین جلا دیتے ہین
کسطرح کیجیے بتون کی ہے خدائی مہمل

آشیانہ ذرا دکھلاوے جہان ہے میرا
ہم سفیر آیا ہون صیاد کے ہاتھون سے نکل

چشم نرگس کو یہہ حسرت ہے کہ یارب مین بھی
کچھ بھی ہوتی جو بصارت تو لگاتی کاجل

برہمن کھاتے ہین لو دل شکنی سے قسمین
بید اک ہاتھ مین اک ہاتھ مین ہے گنگا جل

چور مہندی کے دکھا کر یہہ کہا کرتے ہین
سبزہ رنگان تلنگانہ کہ دو گل دو گل

دلو کی برج کی راہون سے مہ کنعانی
خود بخود شام تک آئیگا کنوین مین سے نکل

حکمران ہون ہین قلمرو مین زمین شعر کی ہر
میرے دیوان کو کہتے ہین وزیر اول

جبکہ سنتا ہے عدو میرا کلام شیرین
حسد و بغض شکر رنجی سے جاتا ہے بدل

کیون نہ سرسبز سخن میرا نظر آئے بھلا
شاخ مین خامے کے پھوٹی ہے نئی اک کونپل

اغنیا کی ہے روش میری گدائی مین بھی
مثل ساعت ہے سفر مین بھی اک آئینہ محل

رنگ نیرنگی سے لیا کار مضامین کہن
شعر بیرنگ تھے جیسے ہو حنا مستعمل

فکر عالی ہے مری گرچہ ہے تھوڑی سی بساط
وہ چلون چال کہ گھر کا ہنون شہ کے بیدل

نئے مضمون سے لدی رہتی میری پرتل
فوج مین شاہ دکن کے رہین جیسے کوتل

غزل مدحیہ

میر محبوب علی شاہِ جہاندار ازل
مہر نور وزن سمجھتے ہین جسے حوت وحمل

مہر ہے ماہِ الٰہی کا تو نزدیک مغل
اور نزدیکِ عرب ماہ ربیع الاوّل

مہر ہے ماہِ الٰہی کا سراپا تیرا
رخ وابرو ہین ترے ماہ ہلالی پہ مثل

اژدہام ایسا نگاہوں کا ہی روی شہ پر
جب پلٹتے ہین تو آپس مین وہ ہوتے ہین بدل

رقص طاؤس کرین بیانڈ پپیہے باجین
تیرا گلگون جو گلستان مین دکھائے چھل بل

کھینچ لے دست حفاظت جو ترا شحنۂ عدل
مثل شطرنج نبنے آج ہر اک گھر مقتل

سارے شاہوں مین شہنشاہ نظر آئیگا
شاہ کا ہو جو گذر جانب آئینہ محل

ریل کے پائے کے مانند عدو سرگردان
تار برقی کیطرح عمر ہو تیری اطول

غزل

خانہ زاد عرض یہ کرتا ہی بتضمین غزل
خدمتِ عالی سلطانِ دکن مین مجمل

کو ہتی ہووے تو باقی نرہے طولِ امل
رشتۂ حرص جو دو چار بھی کھائے بل

کبھی سیدھا کبھی ترچھا جو چلا حسب محل
چلکے فرزین ہی ہوا اونٹ کے گھر کا پیدل

نذر شہ کے لئے کچھ ایسا ہوا ہون بیکل
کام پرسون کے نکالون کسی تدبیر سے کل

چشمِ الطاف سے دیکھے جو مجھے شہ اک پل
نین سکھ ہو یگا اک آن مین میرا ململ

چشمِ امید شہنشہ سے ہی سر سے پاتک
نہین معلوم کہ نرگس ہون مین یا سیتا پھل

طرح شہ کی ہی تو مقصود برآئینگے سبھی
باغ ہم نے جو لگایا ہے تو لگجائینگے پھل

ہوے دوجگ کہ ترقی ہوی خادم کی
مہرہ ہو جاتا جو شطرنج کا ہوتا پیدل

جوہر فرد کے مانند ہوں میں بے قسمت
خال تک ہو گئے مہرویوں کے انجم سے بدل

دیکھنا ہاتھ کدھر پڑتے ہیں جا کر اپنے
ہے عسل ایکطرف ایکطرف ہے حنظل

ہو نقلی جو نصیبوں میں تنزل کیسا
آب جو گر کے کنوئیں میں ہوا تا ریسے بدل

میں رکاب شہ والا سے دکن میں رہتا
میسر ارہوار تمنا جو نہوتا اڑیل

شاہ تک ہو گی بھلا اپنی رسائی کیونکر
عقل میں اپنی فتور آیا ہے یا سر میں خلل

شوق میں نذر کے حالت ہی نظر کے مانند
کبھی گھر میں ہوں میں باہر کبھی آتا ہوں نکل

کفش کن میں جو رکھے شاہ بدل کر خدمت
جاؤں سوزن کیطرح جامے سے باہر میں نکل

ضیف کی ہی یہ چھٹی پشت غلامونمیں ترے
بار کا بار ثمر کا ہی ثمر پھل کا پھل

قصیدۂ تاریخ ولادت باسعادت
شہزادۂ عالم و عالمیان مد ظلہ العالی

بسکہ گلگون بہار آمدہ اندر گلشن
در چمن پا برکاب اند دی و بہمن

چمن آراستہ پیراستہ گردید دکن
سوی گلشن رخ بلبل رخ من سوی وطن

گر خورد خضر بہاران قسم سبزہ رخان
خوشگواری ہوا ضیف کند جزو بدن

شکل آئینہ درخشید چو آب انہار
بہ سر شاخ شجر آمدہ طوطی بہ سخن

عندلیبان بہ گلستان ز گلگونہ ناز
غازہ کاری بہ نمودند بہ رخسار سمن

سبزه با سبزهٔ خطِ رخِ دلبر ماند / گل مشابه شده از عارضِ خوبان دکن
مرغ سرخ از پیٔ تقریب چراغ افروزد / بر سر شاخ سر شام به پهلوی سمن
بهر بوسه لب خود را بهم آرد سوفار / گر بزه تیر به بندم پیٔ آهوے ختن
عکس سرسبزی اشجار بحدیست کنون / مثل طوطی نظر آید بسر شاخِ زغن
گر نهم پاے بدهقانیٔ کشتِ ذرّه / همتم جمع کند دُرِّ عدن در خرمن
اجور امروز زیک چشم برابر بیند / متساوی شده احوال محبّ و دشمن
یک چشم ۱۲
صنعتِ حمرت اصلی همه وقف چمن است / چون گلِ سرخ نماید بسر شاخ سمن
دست صنّاع قدر رشته ز سر رشتهٔ عشق / رشتهٔ الفت احباب و عدو گشته رسن
طائرِ قطب نما گر شنود ذکرِ بهار / روی بر تافته از قطب کند رخ بدکن
رشتهٔ الفتِ احباب و عدو در عهدش / متساوی بود امروز بچشم سوزن
غزل نو بسرایم به قوافیِ کهن / گل سوری بدمانم بسر شاخ سمن
پای همّت چو نهادم بره عشق دکن / شکل خامه تو دم رخ خود سوی وطن
فصل گل آمد و گلبانگ زده مرغِ چمن / سرخ گردید چو طوطی همه منقار زغن
معنیٔ نغمه سرائیٔ عنادل این است / گل شگفته شده در باغِ جهاندار دکن
به گلستان تمنائے جهاندار دکن / گل امید به صد حُسن شگفته به چمن
دایه را فکر لبن غنچه شگفتن دارد / طفل در مهد کند نغمهٔ بلبل بچمن
انبساطیست که سر برزده حورای جنان / مست و مدهوش زنم کوچه و از هر برزن

مهر گر دید دُرر ریز ز ابر نیسان — ماه از انجم زر افشان چو کفِ شاهِ دکن
راز هر یک همه ابراز نمودند بهم — بُلبل از بلبل و گل از گل و ریحان ز چمن
پیر طفلانه کند نشو و نما گرچه عجب — فرقِ بیّن بنمود در شجرِ نو و کهن
مثلِ خورشید درخشان به شفق بر گردون — خلعت سُرخ بود در برِ خوبانِ دکن
صیف اشعار تو چون زلف بود طولانی — مختصر ساز چو گیسوی بُتان شعر و سخن
سرِ خود را به ثریا برسانم از فخر — نذر گیرد ز سر لطف اگر شاهِ دکن
رشتهٔ عمرِ ملک زاده به طول انجامد — مثلِ تارِ خبر از ملکِ دکن تا لندن

ضیف تاریخ ولادت به سنِ فصلی گفت
نیّرِ طالع و نورِ بصرِ شاهِ دکن
۱۳۰۴ ف

قصیده تاریخ شهزادهٔ جهان جهانیان مد ظله العالی

نرگس ہے نیم مست و عنادل ہیں زمزمہ — خمیازہ شاخ لیتی ہے غنچہ دہن دره
تحریر وصفِ بزم عنا میں ہوں مشتغل — صوت صریر خامہ ہے آواز زنگلہ
ہر گز نہ اڑ سکا جو کبھی صید ہو گیا — سینہ ہی میرا طائر مضمون کا پنجرہ
ہی طوطی معانی توصیف کی تلاش — لٹکا دیا ہے نخل مضامیں سے پنجرہ
جسطرح آسمانونکو سنتے ہیں تو بتو — مضمون میرے سینہ میں رہتے ہیں تہ بہ تہ

رنگ حنا سے کچھ مرے اشعار کم نہین
مضمون غیر مین مرے مضمون مین فرق ہے
مسرور عندلیب ہے مین باغ باغ ہون
شہزادہ اک بفر ہمایون ہوی وفا
زہرا فلک پہ کہتی ہے صورت کو دیکھ کر
لڑکے ہر ایک جا پہ پڑہتے ہین یہ نصاب
صورت کو دیکھ کہتے ہین مرآت ہے آئینہ
دایہ ہی دائی شیر لبن بہوک مخمصہ
حمرت زدہ لباس ہر اک کا ہی جشن ہے
بزم غنا و رقص کو تا دیکھے اور سنے
ہنگام روز جشن ہے وقت طلوع ہے
ہی جب ہے عکس شاہ دکن زیر آئینہ
دیکھا جوان و طفل نے جب رقص مطربہ
یاقوت سرخروئی سمجھتا ہی اپنی آج
اہل چمن بھی مدح مین میرے شریک ہین
یہ روشنی بزم تو اشعار کا مرے
نقارون کے صدا سے ہر اک شخص مست ہے

شنگرف سے بھرا ہوا رہتا ہی مجبرہ
عکسون مین جسطرح سے ممیز ہی عکس شہ
گل اک نیا کھلا ہی جو غنچہ تھا حاملہ
پیدا ہوا ہے آج بدولت سرای شہ
یارب یہ شاہزادہ ہی یا ماہ چاردہ
دکھن جنوب دوست ہے محبوب شاہ شہ
خامہ قلم ہی آمہ دوات اور محبرہ
کہتے ہین طفل بچے کو پھر کے ہی فرزرہ
میرے نظر مین ملک دکن ہی مجمرہ
گل کو ملا ہے سامعہ نرگس کو باصرہ
مطلع اک اور مین نے لکھا ہی بہ تولہ
اہل طلب سمجھتے ہین سب اپنا بادشہ
تا کا ضعیف نے بھی بامداد منتظرہ
تخت شہی مین ہووے اگر اوسکا تعبیہ
غنچہ دہن سے اپنے تو سوسن بہ السنہ
دیوان انوری سے ملا دیگی سلسلہ
شاید کہ شاخ تاک سے باندھا ہی مدرمہ

ہاتھون مین لیکے چوب کو مانند سرو گے ہین ایستادہ ایک طرف چوبدار شہ
ہر ایک کا عمل ہی کلو اوا شہر ہوا یہ آج ہی محتسب کا خوف نہ قاضی کا دغدغہ
پانی رواں ہی نہر کا ہر ایک جا ہی ضیف ہر اک مقام پر ہے یہہ اک فیض جاریہ
خونِ دل وجگر کو کیا صرف فکر شعر رنگین مزاج کہتے ہین می ہے دو آتشہ
شکل فلاح دیکھہ رہا ہون کہ ہے کدہر دنرات ہاتھہ مین مرے رہتا ہے آئینہ
گھوڑے پہ چڑہ گیا جو ہوے شبکو راہ مین وہ چند روشنی ہوی زاید ہر اک جگہ
بوڑہے جوان سارے کہاتے ہین ضیف آج ہر جا ہے پر سپاہ کا ہوتا ہے داخلہ
پہونچیگا آسمان پہ سرِ افتخار ضیف بلوا کے بارگاہ مین گر نذر لیو شہے
تاریخ ضیف نے سنہ ہجری مین ہی لکھی ہم موقف عجائب وہم نور چشم شہ ۱۳۱۲

غزلیات

گر ہاتھہ مین تیشہ ہو ہمارے سورج کے بنائین سو ستارے
کہتے ہین کہ خال کو تمھارے پونے مین سمجھتے ہین ستارے
کس چاند کے ضیف ہین اشارے آنکھون مین جو ٹوٹتے ہین تارے
سب اشک بنینگے درِ غلطان پہونچینگے یہہ گھر تلک تمھارے
نکلے جو قفس سے ہم بصد رنج پر ٹوٹے ہوے تھے سب ہمارے
دونون جاتے ہین کیا برابر آہو ترے اور مرے چکارے

پوشاک بدل رہے ہین اب وہ — صندوق کہلینگے اور پٹارے

باشندے ہین ایک ہی نگر کے — سب طفل سرشک یہہ ہمارے

طوطی سے لگے ہین تیر مین پر — گویا ہین وہان زخم سارے

سرمے کے قلم سے لکھہ رہا ہون — آنکھون کے تمہارے وصف سارے

رنگنے سے نہین غرض کچھ — مضمون سادے ہین سب ہمارے

دنیا کے ہوا و حرص اے ضنیف — پنکھے مین بہری ہی سب ہمارے

غزل

چمن مین آئی سعدی کی سواری — گلستان مین چلی باد بہاری

جگر کے زخم سے ہے خون جاری — ٹپکنے لگ گئی رینی ہماری

مہیا آب و خور ہوتے ہین دونون — ہی پن چکی کی کیا گردش ہماری

نہین ہی خضر کی بھی اب ضرورت — ہے جب سے ریل کی آئی سواری

ہوے ہین جوہر فردا تو ہم ضنیف — سہینگے ہے جو قسمت مین ہماری

نہین معلوم جائیگی کہان یہہ — گہڑی دن رات چلتی ہی ہماری

ہے چہرے سے قلم کے صاف ظاہر — سفر ہی مین کٹیگی عمر ساری

دعا یہہ ہیٹر کی خالق سے ہی ضنیف
بدل دی شال سے کملی ہماری

غزل

جماعت ہی گواہ اسکی وہ جب مسجد مین آئے ہین — نماز پنجگانہ سے موذن ہاتھ اوٹھاے ہین

ہمارے ہی لیے گر عذر ناہموار ہی رہے
چلین آپ آنکھین کرکے بند ہم آنکھین بچھاتے ہین

موذن اونگلیان کانون مین رکھ لیتے ہین بیچارے
جماعت والے مسجد مین جو صلواتین سناتے ہین

روش ساعت کی آئی ہے پسند اونکو کچھ از نو زمان
قدم ایک ایک منٹ مین ضعیف وہ اپنی اوٹھاتے ہین

غزل

سنکے تیرے رخ کا چرچا آفتاب
لطف لیگا بالا بالا آفتاب

طالع اپنی مہوشون سے پوچھنا
مشتری کیسی ہی کیسا آفتاب

کیا غضب تونے کیا ای چشم تر
اب نہ ذرے جائینگے تا آفتاب

کیسے کیسے مہ لقا ہین زیر خاک
اُٹھ گئے دنیا سے کیا کیا آفتاب

گنجفہ پورا ہے میرے چنگ مین
کیا کرینگے لیکے عیسی آفتاب

بال سر کے ہوگئے سارے سفید
دن ڈہلا ہے سر پر آیا آفتاب

ضیف اوسکا منہ خدا کی سمت ہے
دیکھتے ہو تم جو اولٹا آفتاب

غزل

ضعیفی مین دانت اب دغا کر چلے
یہہ ہم سے سلوک اقربا کر چلے

پہونچ جاے ذرہ بھی خورشید تک
قدم کو ذرا گر اوٹھا کر چلے

خدا جانے کسطرح گذریگی وہان
یہان سے تو ہم دل لگا کر چلے

نہین ہمکو معلوم ابتک ہوا
کدہر آئے تھے اور کیا کر چلے

قیامت مین پل پر سے جرأت کیساتھ
چلے ہم مگر لڑکھڑا کر چلے

سنا کرتے تھے ضعیف حال صراط
یہین سے قدم ہم جما کر چلے

غزل

پستی طالع سے کم رتبہ ہمارا ہو گیا
چاہ مین گر کے مہ کنعان کا تارا ہو گیا

عہد پیری جب زلیخا کا دوبارا ہو گیا
خال عارض صبح ثانی کا ستارا ہو گیا

بات آہستہ بھی گر کی تو پکارا ہو گیا
اندنون مانند گنبد گھر ہمارا ہو گیا

سکل آئینہ جو اب سینہ ہمارا ہو گیا
تھا جو کچھ راز درونی آشکارا ہو گیا

پھیر یا آنکھو نکا عاشق کے بوقت صبح و شام
حق مین طفل اشک کے اک گاہوارا ہو گیا

پر ہمارے ہی لگا کر یار نے مارا خدنگ
دوست جو تھا اپنا وہ دشمن ہمارا ہو گیا

شوق تھا چلنے کا اپنے پاؤنکو پیری مین ضعیف
مل گیا ہمکو عصا جب اک سہارا ہو گیا

غزل

یہہ خوشنودی ہے سوزن کو مشین اوسکا جوہر ہے
کبھی جامے کے اندر ہے کبھی جامے سے باہر ہے

نئی گھڑیان جو نکلین ہین ذرا دیکھین تو اونکو آپ
پورا نے شیشۂ ساعت مین اب کیا خاک پتھر ہے

خدا ہین یہ نہ پیغمبر پری ہین نہ انسان ہین
بتون کی شکل ہی کچھ اور ہے صورت ہی دیگر ہے

نہین اوٹھتے قدم اپنے وطن سے مثل پرکار اب
سفر مین پاؤن ہے گر اک تو گھر مین پا ہی دیگر ہے

سفر مین رات دن رہنے سے ہون خانہ بدوش اک ضعیف
لب بام اب مقام اپنا ہے اور کوٹھے پہ بستر ہے

غزل

راتدن مین نے ترے در پہ سر اپنا پٹکا
مرے چہرے پہ نشان ہے یہ ترے چوکہٹ کا

آفتاب آئیگا محشر مین سوا نیزے پر
سامنے ہوگا خدا کے یہ تماشا نٹ کا

زلف ہے برق کی زنجیر نہ چہو نا ہرگز
ہاتھ لگ جائیگا اوسکو تو لگیگا جھٹکا

آپ آتے ہین عیادت کو خبر یہ جو سنی
جاتے جاتے مرا دم آنکہون مین آکر اٹکا

اس حقیقی مین ہے سورج مکہی شاید ای ضعیف
ایک انبوہ نظر آتا ہے یہان گرگٹ کا

غزل

تمہارا پرتو رخسار نور صبحگاہی ہے
کتابی صورت روشن تو یہ خورشید جاہی ہے

ثنا و مدح رخ ہم ایک ہی مطلع مین کرتے ہین
بہوین ہا ہلالی ہین تو رخ ماہ الٰہی ہے

اتر کر اپنے گہوڑے سے پیادہ ہو کے لڑتا ہے
بسان مہرہ شطرنج جو مرد سپاہی ہے

خدا نے اپنے ہاتہون سے بنا ہی چاند سی صورت
تمہارا چہرہ انور تو اک ماہ الٰہی ہے

مجھے اس کنگھی سے ضیف کیف تازہ ملتا ہے
نکل آئے ہین پر چیونٹی کے یہہ داد الٰہی ہے

غزل

قلم کے طرح سے گزرے سفر مین
نرہنے پائے ہم اکدن بھی گھر مین

یہہ رونا چشم سوزن کا ہی صد حیف
ہماری عمر گزری سب سفر مین

بسان آسیا حالت ہے میری
اگرچہ گھر مین ہون پر ہون سفر مین

روش سیکھی ہے ہم نے نرد سے آج
گزر ہونے لگا ہر ایک گھر مین

نہ سننا چاہئے واعظ کی تقریر
بھری ہے کونین اوسکی شکر مین

نظر آتی ہے مجکو رات کے وقت
شباہت تیری کنگھی کی قمر مین

سوای قطرہ ہاے اشک ای ضیف
نہین بہرتا کوئی اپنی نظر مین

غزل

غنچہ ساں بستہ دہن ہون شیب مین
مونہہ نہین کھلتا کسی کے عیب مین

دوربین لیکر جو دیکھا ہم نے ضیف
دور کے مضمون تھے اپنے جیب مین

کر لیا وسمہ سے منہ اپنا سیاہ
آپ کو سوجھی ہے کیا یہہ شیب مین

ہین کمان کی طرح سے پیدا ہوا
ابتدا سے عمر گزری شیب مین

جرم سرقت مین ہوے ہین قطع ہاتھ
ضیف یکتا ہین وہ دست غیب مین

مثل خامہ کے نہین میری زبان
کہہ صفت مین کہہ سکی عیب مین

ہی الوپ انجن مری آنکھون مین ضیف
مین بھی اخل ہون رجال الغیب مین

غزل

عاشق کے نقدِ دل کے چرانے کا شور ہے
پھر اسپہ سرخرو تری مہندی کا چور ہے

راہِ عدم مین آپ سے اُٹھتے ہین قدم
سُنتے ہین ہم کہ پہلی ہی منزل مین گور ہے

اوس بحرِ حسن سے ہو ملاقات کس طرح
مجروح ہون مین راہ مین دریا کا شور ہے

عاجز ہین شہسوار بھی اس بد رکاب سے
رخش روان عمر بڑا سینہ زور ہے

غزل

حسد سے ہاتھ دھو کر بند آنکھین کر کے مرتے ہین
دفینے پر ہم اپنی آپ اپنی مہر کرتے ہین

زمانے کا نیا اسلوب ہے اور رنگ دیگر ہے
وہ ہم کو مارتے ہین آج کل ہم جن پہ مرتے ہین

پسند آئی ہے مُہری کی روش اوسپر وہ مرتے ہین
ہمیشہ ہم نشینون سے وہ اپنے جنگ کرتے ہین

بہار آئی ہے مرغانِ چمن ہین نعرہ زن ہر جا
قفس تیار ہوتا ہے ہمارے پر کترتے ہین

مرے حالِ قفس پر آج اک عبرت برستی ہے
مرے نزدیک مرغانِ چمن آنے کو ڈرتے ہین

مری شیرین کلامی کیون نہو مشہور عالم مین

مرے اشعار پر پرویز اور فرہاد مرتے ہین

نہین بہرتا ہے کوئی آج کل میرے نظر مین ضعیف

جو بھرتے ہین تو آنکھون مین فقط اک اشک بھرتے ہین

غزل

ہین یاد رُخ مین تن پر داغ سارے — روپے یہہ صورتی ہین سب ہمارے

برنگ سینے نہین نالے ہمارے — جگر کو چھید کر نکلے شرارے

سوار ریل ہو کر وہ سدہارے — لگا ہے تار اشکون کا ہمارے

گہر مین رشتۂ الفت کے مارے — جگر مین پڑ گئے سوراخ سارے

غذا ہوگا یہہ اک دن مورچی کی — ہے میٹھی آب خنجر کی تمہارے

لکہا کرتے ہو تم تعویذ حوَّا — بھری نقش قدم ہم نے تمہارے

خدا سے ملکے آئینگے چلو ضعیف

نئے نکلے ہین دنیا مین غبارے

غزل

دکھلاتے ہین لڑکپن وہ نئے سوار ہو کر — نغمے سُنا رہے ہین بے اختیار ہو کر

وہ باد پا پر اپنے نکلے سوار ہو کر — تا آفتاب پہونچے ذرّے غبار ہو کر

تارون پر آبلون کا اونکو گمان ہوا ہے — پہنچے فلک پر عیسیٰ اُچکن برار ہو کر

آزاد پہر رہے ہین سب ہم صفیر اپنے — رہتے ہین ہم قفس مین اونکے شکار ہو کر

تھین دو نو آنکھین جب تک راحت مین تھے ہم ای ضیف — آفت مین پڑ گئے ہین اب او نسے چار ہو کر

غزل

چہرے پہ تمہارے خط عیان ہے — مصحف کا سیاہ جز ودان ہے
میرے لئے مثل نرد چوسر — ہر جاے پہ گہر ہے اور مکان ہے
دانت اپنے تمام گر رہے ہین — پیری مین زبان ذرفشان ہے
دنیا حیرت مین گذری ای ضیف — یہ کون ہے اور وہ کہان ہے

غزل

شمع کا دعوی ہے یہ فانوس پر — حبس بیجا مین رکھا تھا رات بھر
صبح سے ہے آج درد نیم سر — کیسے گذریگی یہ پہر دو پہر
بیچ مین شیرین ہی خسرو ادہر فرہاد ادہر — دونون آنکھون مین ہے قایم اک نظر
چاہتا ہے چہینا میرا مکان — ہے یقینا دل مین اوسکے میرا گہر
ریل مین بیٹھے ہین وہ پہونچینگے کب — تار پر کب آئیگی یارب خبر
ہے دو چشمی دوربین کا شوق اونہین — گہر ہے میرا دور اون سے میل بھر
دو کمانون کا ہے بعد اوس یار سے — گر زیادہ ہو تو ہوگا تیر بھر
رنج و راحت ضیف توام ہوتے ہین — ہو رہا ہے کب سے درد نیم سر

غزل

کر کے اوس ترک نے حلال مجھے — کپڑے پہناے لال لال مجھے

بعد مرنے کے کیا جلاؤ گے / تم جو کرتے ہو ریگ مال مجھے

اے تصور یہ تجھ سے ہے امید / اوسکا دکھلائیگا جمال مجھے

اجنبی ہون مین ایسے باتون سے / اے طمع تو بتا سوال مجھے

مثلِ سوزن سفر مین رکھتا ہے / رشتۂ الفتِ عیال مجھے

مہ رخون کو نہ دیکھ کر گذرا / مہر سے مہ ایک سال مجھے

پھرنا خانہ بخانہ نرد کے طرح / نہین بہاتی ہے ایسی چال مجھے

خالِ رخ دیکھ کر بندھا ہے آج / ہند سے کعبے کا خیال مجھے

نہین کثرت سے اونکے منہ پر تِل / نظر آتے ہین خال خال مجھے

راہبر تھا مین شکلِ نقشِ قدم / کر دیا کس نے پایمال مجھے

اونگلیون سے بتاتے ہین ضعیف / قسمتون نے کیا ہلال مجھے

غزل ہندی و فارسی

گرا پانی مین عکسِ مہ جو گاہی / بگفتم عکسِ ماہی یا کہ ماہی

یہ عکسِ ماہ سے کہتی ہے ماہی / ندانم کیستم من گر تو ماہی

خدا نے چاند سا چہرہ بنایا / در آمد در نظر ماہ الٰہی

ہر اک سے موت کہتی ہے کہ تاگور / برندت مر ترا خواہی نخواہی

ہوئے نقشِ قدم اپنے ہی رہبر / چو برگشتیم ما گم کردہ راہی

کوئی کہتا ہے چاند اور کوئی سورج / رخت ماہِ ہلالی یا الٰہی

غزل

ہماری صورتِ سینہ کبھی کچھ ہی کبھی کچھ ہے / بشکلِ عکس و آئینہ کبھی کچھ ہی کبھی کچھ ہی

مسیحا گہہ زمین پر ہی گہی ہے آسمانوں پر / مقامِ یارِ دیرینہ کبھی کچھ ہی کبھی کچھ ہی

کبھی تو شال ہے تن مین کبھی کملی ہی کاندہوں پر / مرا ملبوسِ پشمینہ کبھی کچھ ہی کبھی کچھ ہی

کبھی ہی صورتِ شنبہ کبھی ہی پنجشنبہ وہ / ہمارا روزِ آدینہ کبھی کچھ ہے کبھی کچھ ہی

تنزل اور ترقی ضیف کی تم پوچھتے کیا ہو / بطرزِ ہیئتِ زینہ کبھی کچھ ہے کبھی کچھ ہی

غزل

آپ آئے تو پہولا ہے چمن اور زیادہ / کہلنے لگا غنچے کا دہن اور زیادہ

ہم خونِ جگر کہا کے جو لکہنے لگے اشعار / رنگین ہوا اپنا سخن اور زیادہ

گلگیر کے صدمے سے جو سر کٹ گیا اوسکا / روشن ہوئی پہر شمع لگن اور زیادہ

تحریر مین معکوس جو یا لکہی قلم نے / یاد آیا مجھے میرا وطن اور زیادہ

اختر جو بُری اپنے ہون رونا نہین ضیف اسے / ہوگی جو گرہ ہووے کٹہن اور زیادہ

اشعار منتخب ضیف

مانندِ قطرہائے سرشک اپنے یار کے / آنکہون مین کب ٹہرتے جو نظرون سے گر گئے

ولہ

جلائیگا جو ہم کو رات دن روتا رہیگا وہ

ہمارا کالبد ای ضیف مثلِ ہیمہ تر ہے

ولہ

مضمون کہنہ سے نئے مضمون لینگے ہم
روشن چراغ ضیف کرینگے چراغ سے

ولہ

ہر اک مردہ یہہ کہتا ہے خدا سے دائرے مین ضیف
نہ تیری ابتدا سمجھی نہ تیری انتہا سمجھی

ولہ

سلسلے مین سپاہ کے اے ضیف
نام بوڑہون کے ہین جوانون مین

ولہ

تیری دہشت بہت ہے عزرائیل
مین تو مر جاؤنگا تو آتے ہی

ولہ

جان دیتا مین تجھپہ عزرائیل
آدمیت نہین فرشتون مین

ولہ

مسطر کی ڈوری بنگئے جادی نگاہ مین
مانند خامہ ہم جو چلے تیری راہ مین

ولہ

ملک الموت ہی نہین آتے
ہم تو مرتے ہین جان دینے پر

ولہ

ملک الموت یون چلا آتا
کیا کرین ضیف ناتوانی ہے

ولہ

خوشی ہے آنیکی تیری کچھ ایسی عزرائیل | کہ میری روح نہ قالب مین اب سمائیگی

ولہ

جان لینے کو میرے آیا ہے | موت لائی ہے تجھکو عزرائیل

ولہ

ہزار افسوس ہی بروضع و حال اکرم الدولہ | ہنوتے گروہ دیوانے تو دیوان کن ہوتے

ولہ

وزارت سو برس سے آج تک ضیف | تھی دیوانی ہمارے خاندان مین

ولہ

مہرہ شطرنج سے سیکھی ہی شاید تم نے چال | اقربا سے ہوناہے رخ ایک گھر کے واسطے

ولہ

مہرہ سلطنت ہون مین بھی ضیف | متخلص بہ خانہ جنگ ہون مین

ولہ

خال کہتا ہے آئینے مین ضیف | مین بھی اک نقطہ مقابل ہون

ولہ

سلگ کر کویلہ ہوتا ہے آتش
سیہ کاری سواد روشنی ہے

ولہ

زاغ کمان کے تیر نے تدبیر سے لئے
پروردگار کے یہ ہنین پر دئے ہوئے

ولہ

